کیسر پرمانںٹ

طبی مالیاتی امداد کی پالیسی کا خلاصہ

کیسر پرمانںٹ کی طبی مالیاتی امداد (Medical Financial Assistance, MFA) کا پروگرام ان اہل مریضوں کو مالی امداد فراہم کرتا ہے جو ایمر جنسی یا کیسر پرمانںٹ کے مرکز میں یا کسی کیسر پرمانںٹ فراہم کنندہ کی جانب سے خود کو ملنے والی ضروری طبی نگہداشت کے لئے ادائیگی کرنے میں مدد کے محتاج ہوتے ہیں۔ ایم ایف اے پروگرام کے لئے مریض کئی طریقوں سے درخواست دے سکتے ہیں جن میں ذاتی طور پر درخواست دینا، فون کے ذریعہ درخواست دینا یا ایک کاغذی درخواست نامہ پُر کرنا شامل ہیں۔ اہل ہونے کے لئے مریضوں کا درج ذیل شرائط پر کھرا اترنا ضروری ہے۔

مالی امداد کا اہل کون ہے اور اہلیت کی شرائط کیا ہیں؟

یہ پروگرام کم آمدنی والے، غیر ضمانت شدہ، یا ایسے غیر مستحق مریضوں کی مدد کرتا ہے جن کو اپنی مجموعی یا جزوی طبی نگہداشت کی ادائیگی کے لئے امداد کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام طور پر، مریض ایسی حالت میں مالی امداد کے اہل ہوتے ہیں جب ان کی مجموعی گھریلو آمدنی وفاقی غربت گائیڈلائنس (Federal Poverty Guidelines, FPG) میں مذکور آمدنی کی 350 فیصدی یا اس سے نیچے ہو یا ان کے سامنے غیر معمولی طبی خرچے درپیش ہوں۔ مریضوں کو اپنی اہلیت معلوم کرنے اور درخواست دینے میں مدد حاصل کرنے کے لئے مالیاتی مشیر کے ساتھ بات کرنی چاہئے۔

جو مریض طبی مالیاتی امداد کے اہل ہیں ان سے ایمرجنسی یا دیگر ضروری طبی نگہداشت کے لئے عام طور پر قابل ادائیگی مبلغ (amounts generally billed, AGB) سے زیادہ کی وصولی نہیں کی جاتی ہے۔ اے جی بی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے kp.org/mfa/scal *دیکھیں۔*

کیا پبلک اور پرائیویٹ پروگرام کی اہلیت طے کرنے کے لئے کیسر پرمانںٹ مریضوں کی اسکریننگ کرتا ہے؟

کیسر پرمانںٹ مریضوں کو ایسے ممکنہ پبلک وپرائیویٹ صحت انشورنس کے پروگراموں کی شناخت کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے جو صحت کی نگہداشت کے وسائل تک رسائی کے لئے مطلوبہ اشیاء کے حصول میں کار آمد ہوتے ہیں۔ جو مریض کسی پبلک وپرائیویٹ صحت انشورنس کے پروگرام کے لئے اہل پایا جاتا ہے اسے چاہئے کہ وہ اس پروگرام کے لئے درخواست دے۔

پروگرام میں کیا کیا چیزیں شامل ہیں؟

طبی مالیاتی امداد پروگرام میں وہ ضروری طبی نگہداشت شامل ہیں جو کیسر پرمانںٹ کے طبی دفتر، اسپتال، فارمیسی یا کیسر پرمانںٹ فراہم کنندہ کے ذریعہ مہیا کرائے جاتے ہیں۔ جو خدمات ان میں شامل نہیں ہیں وہ ان اقسام کی خدمات ہیں جنھیں ایک کیسر پرمانںٹ فراہم کنندہ ایمرجنسی یا طبی طور پر ضروری نہیں شمار کرتا ہے نیز ان میں بانجھ پن کا علاج، بچہ دانی کرائے پر لینے کی خدمات اور طبی نگہداشت کی قسطیں بھی شامل نہیں ہیں۔ مزید مکمل فہرست ایم ایف اے کی پالیسی میں دیکھیں۔

کیا زبان سے متعلق مدد فراہم کی جاتی ہے؟

آپ کے لئے مترجمین مفت دستیاب ہیں۔ طبی مالیاتی امداد کا درخواست نامہ، پالیسی اور پالیسی کا یہ خلاصہ آپ کی زبان میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے، 800-464-4000 پر کال کریں یا ہماری ویب سائٹ kp.org/mfa/scal پر جائیں۔

کیا کیسر پرمانںٹ کی کوئی مالیاتی امداد پالیسی ہے؟

آپ کیسر پرمانںٹ کی طبی مالیاتی امداد پالیسی کی ایک مفت کاپی حاصل کرنے کے لئے 800-390-3507 پر کال کر سکتے ہیں، یا اس پتہ پر خط بھیج سکتے ہیں: P.O. Box 7086, Pasadena, CA 91109-7086، یا ہماری ویب سائٹ kp.org/mfa/scal کے ذریعہ اپنی درخواست بھیج سکتے ہیں۔

مدد چاہئے؟

مدد کے لئے یا طبی مالیاتی امداد حاصل کرنے کی خاطر دی جانے والی درخواست کا طریقۂ کارجاننے کے لئے برائے مہربانی 800-390-3507 پر کال کریں، یا کسی کیسر پرمانںٹ اسپتال میں واقع ایڈمیشن شعبہ میں موجود کسی مالیاتی مشیر کے ساتھ بات کریں۔

میں کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

آپ طبی مالیاتی امداد کے لئے کئی طریقوں سے درخواست دے سکتے ہیں جن میں ذاتی طور پر یا فون کے ذریعہ پروگرام کی معلومات حاصل کرنا یا درج ذیل ذرائع میں سے کسی سے کاغذی درخواست نامہ طلب کرنا شامل ہیں:

- کسی کیسر پرمانںٹ اسپتال میں واقع ایڈمیشن یا ایمرجنسی شعبہ میں موجود کوئی مالیاتی مشیر
- 800-390-3507 پر کال کرنا
- اس پتہ پر بذریعہ ڈاک (مفت) خط بھیج کر:
  P.O. Box 7086, Pasadena, CA 91109-7086
- کیسر پرمانںٹ کمیونٹی ویب سائٹ kp.org/mfa/scal سے درخواست نامہ ڈاونلوڈ کر کے۔

مکمل شدہ درخواستوں کو (جن میں تمام مطلوبہ دستاویزات اور معلومات، جن کا ذکر درخواست نامہ کی ہدایات میں کیا گیا ہے، شامل ہیں) نزدیکی کیسر پرمانںٹ اسپتال کے ایڈمیشن یا ایمرجنسی شعبہ میں واپس کریں یا انہیں اس پتہ پر بذریعہ ڈاک بھیجیں:
MFA Program, P.O. Box 7086, Pasadena, CA 91109-7086.

کیسر پرمانںٹ مکمل کئے گئے جمع شدہ درخواست ناموں کا معائنہ کرے گا اور یہ طے کرے گا کہ آپ کیسر پرمانںٹ کی طبی مالیاتی امداد پالیسی کے مطابق اہل ہیں یا نہیں۔ درخواستوں کے نامکمل ہونے کی صورت میں ان پر عملدرآمد میں تاخیر ہو سکتی ہے یا آپ کی ایم ایف اے درخواست مسترد کی جا سکتی ہے، لیکن کیسر پرمانںٹ درخواست دہندگان کو اس بارے میں اطلاع دے گا اور انہیں موقع فراہم کرے گا کہ وہ نامکمل دستاویزات یا معلومات کو مطلوبہ ڈیڈلائن تک مکمل کر دیں۔

©2018 Kaiser Foundation Hospital;
Kaiser Foundation Health Plan, Inc.